ہدایات برائے مصنفین

اردو میں نصاب ایجوکیشن اینڈ سائینس اینڈ ٹکنالوجی ریسرچ جرنل (NEST-RJU) ایک ہمعصر ریویو جریدہ ہے جس کا مقصد محققین کو ایک پلاٹ فارم فراہم کرنا ہے تا کہ تعلیم سائینس اور ٹکنالوجی کے میدان میں اعلیٰ معیاری تحقیق کو فراہم کیا جاسکے۔ NEST-RJU اعلیٰ معیاری علم کو پھیلانے والا فورم ہوگا جہاں اختراعی خیالات، ٹکنالوجی مرکوز، تحقیقی نتائج پر مبنی مباحث کا ایک جریدہ ہوگا۔ یہ علمی آن لائین کھلا ہمسر جائزہ لینے والا بین الاقوامی جریدہ ہوگا جو اصل نظریاتی اور عمل تعلیم سائینس اور ٹکنالوجی کو فروغ دے گا۔

اس جریدہ کا مقصد اصل، سائنٹفک، نظریاتی تحقیق تمام علوم میں بہترین اصل اور حقیقی علمی کام کو اردو زبان میں فروغ دیتے ہوئے قلمکاروں کی ہمت افزائی کرنا ہے۔

مقالہ جات کو کبھی بھی editor@nestrju.com پر بھیجے جاسکتے ہیں جس پر تفصیلی جائزہ ریویو کے بعد آن لائین شائع کئے جائیں گے۔ داخل کئے جانے والے مقالات کے متعلق یہ سمجھا جائے گا کہ یہ غیر مطبوعہ ہوں گے۔ مصنفین تو غیر مطبوعہ ہونے کی ضمانت دینی ہوگی۔ تاہم کسی خصوصی اشاعت یا جلد کے لئے ایڈیٹوریل بورڈ کے فیصلے کے مطابق اشاعت عمل میں آئے گی اور مصنف کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔ داخل کئے جانے والے مقالوں کو واپس نہیں لیا جاسکتا۔ مصنفین کے لئے لازمی ہے کہ وہ حسب ذیل کا خیال رکھیں۔

1- انگریزی مقالوں کے لئے Plagiarisum Check لازمی ہوگا۔ 20% سے زیادہ بشمول حوالہ جات ادبی سرقہ کی اجازت نہ ہوگی۔ اردو مقالوں کے لئے تین رکنی بورڈ کو حتمی فیصلے کا اختیار رہوگا۔

2- معیاری چیک: داخل کردہ تمام مقالوں کو اصل / حقیقی اور جریدہ کے میدان کے مطابق تعلیم، سائینس، ٹکنالوجی یا سماجی علوم کے دائرہ کار کے مطابق ہونا چاہیئے۔

3- ریویو کی کسوٹی: مقالہ کے مصنف اور جائزہ کار کے ناموں کو ایک دوسرے سے مخفی رکھا جائے گا۔ تین مختلف جائزے کار کی رپورٹ کے بعد ہی اشاعت عمل میں آئے گی۔

4- ای۔کاپی رائیٹ: تمام مصنفین کے لئے لازمی ہوگا کہ NEST-RJU کے حق میں کاپی رائیٹ داخل کریں۔

5- خاکہ Template: مصنف اپنی تصویر کے ساتھ 1100 الفاظ میں اپنا خاکہ دے۔ اردو مقالے ان پیج سافٹ ویر اور PDF میں ہو۔ ایسے مصنفین جو چاہتے ہیں کہ ان کے تحریری مواد کے ساتھ Figuers (اشکال) Tables (جدول) بھی شائع کیے جائیں تو کاپی رائیٹ کے مالک سے تحریری اجازت حاصل کر کے نصاب پبلیشرز کو دیں۔ ورنہ سارے مواد کو حقیقی یا اصل سمجھا جائے گا۔

******